**06-07-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

<u>آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ</u>

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1 وزیراعظم نریندر مودی نے، جناب Keir Starmer کو برطانیہ کے عام انتخابات میں، اُن کی پارٹی کی زبردست کامیابی پر مبارک باد دی ہے۔

2. صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے اڈیشہ کا چار دن کا دورہ کریں گی۔

3. فورین میڈیکل گریجویٹ امتحان جون 2024، آج پورے ملک میں، 50 شہروں میں منعقد کیا جارہا ہے۔

4. اترپردیش پولیس نے، ہاتھرس بھگدڑ کیس میں اصل ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔

5. آناج کی عالمی پیداوار میں اِس سال سب سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ یہ پیداوار دو اَرب 85کروڑ 40 لاکھ ٹن ہوگئی۔

6. اور کرکٹ میں: چنئی میں خواتین کے پہلے ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں جنوبی افریقہ نے بھارت کو 12 رن سے شکست دی۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**<u>MODI-UK PM</u>**

وزیراعظم نریندر مودی نے، لیبر پارٹی کے رہنماSir Keir Starmer کو، برطانیہ کے عام انتخابات میں زبردست کامیابی پر مبارک باد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ سبھی میدانوں میں بھارت-برطانیہ جامع دفاعی شراکت داری کو اور زیادہ مستحکم بنانے، نیز باہمی ترقی اور خوشحالی کو فروغ دینے کیلئے ایک مثبت اور تعمیری اشتراک کے تئیں پُرامید ہے۔ وزیراعظم نے بھارت-برطانیہ تعلقات میں مزید گہرائی پیدا کرنے میں جناب رِشی سونک کی قابل تحسین قیادت اور تعاون کا بھی شکریہ ادا کیا۔جنابSir Keir Starmer نے وزیراعظم کے طور پر جناب رِشی سونک کی جگہ لی ہے۔ اس طرح کنزرویٹو پارٹی کے 14 سال سے جاری اقتدار ختم ہوگیا ہے۔

لیبر پارٹی نے ایوان نمائندگان میں 412 سیٹیں حاصل کی ہیں، جبکہ کنزرویٹو پارٹی محض 121 سیٹیں حاصل کرسکی۔ ڈاؤننگ اسٹریٹ میں، وزیراعظم کے طور پر Sir Keir نے ملک کے حفظان صحت کے نظام کو بحال کرنے، برطانوی سرحدوں کو محفوظ بنانے اور اسکولوں نیز مناسب قیمت والے مکانات کی ضرورت کو پورا کرنے کا عزم کیا ہے۔

اسی دوران Sir Keir نے اپنی کابینہ کا تقرر کردیا ہے۔ انہوں نے Angela Rayner کو نائب وزیراعظم اور Rachel Reeves کو خزانے کی پہلی خاتون چانسلر مقرر کیا ہے۔ Sir Keir کی کابینہ میں 11 خواتین شامل ہیں، جو ایک ریکارڈ ہے۔×

## MEA-PM VISIT

بائیسویں بھارت-روس سالانہ سربراہ کانفرنس میں دفاع، تجارت، رابطوں، سرمایہ کاری سے متعلق تعلقات، توانائی سے متعلق تعاون، تعلیم، سائنس وٹیکنالوجی، ثقافت اور عوام سے عوام کے درمیان رشتوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ یہ بات خارجی امور کے سکریٹری وِنے موہن کواترا نے کَل نئی دلّی میں ایک پریس بیان میں کہی۔

وزیراعظم کے روس اور آسٹریا کے آئندہ سرکاری دورے کے بارے میں، جو اس ماہ کی 8 سے 10 تاریخ تک رہے گا، جناب کواترا نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی اور روس کے صدر ولادیمیرپوتن، دونوں ملکوں کے درمیان کثیر رُخی تعلقات  کے پور منظر نامے کا جائزہ لیں گے۔ خارجہ سکریٹری نے کہا کہ وزیراعظم مودی اور صدر پوتن علاقائی اور عالمی سطح کے باہمی مفادات پر تبادلہ خیال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ رہنما برکس، SCO، جی-ٹوینٹی، مشرقی ایشیاء سربراہ کانفرنس اور اقوام متحدہ سمیت بہت سے گروپوں میں دوطرفہ سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیں گے۔ جناب کواترا نے کہا کہ امید ہے کہ اُن بھارتی باشندوں کو جلد رخصت کرنے کا معاملہ بھی زیر غور آئے گا، جو روسی فوج کی سروس میں چلے گئے ہیں۔ بھارت- روس سالانہ سربراہ کانفرنس منگل کو منعقد ہوگی۔×

## INVESTITURE CEREMONY

وزیراعظم نریندر مودی نے کل راشٹرپتی بھون میں منعقدہ دفاعی اعزازات کی تقریب برائے 2024 )مرحلہ (-Iمیں شرکت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ ملک کو اپنے بہادر جانباز سپاہیوں پر فخر ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہمارے فوجی خدمات اور قربانیوں کی اعلیٰ ترین مثال ہیں اور ان کا ہمت حوصلہ ہم وطنوں کے لیے ہمیشہ تحریک کا باعث رہے گا۔

## PERZ ODISHA

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج اوڈیشہ کے چار روزہ دورے پر روانہ ہو رہی ہیں۔ صدر جمہوریہ بھونیشور میں Utkalamani Pandit Gopabandhu Das  کی 96ویں برسی میں شرکت کریں گی۔ محترمہ مرمو کل پوری میں بھگوان جگن ناتھ کیGundicha Jatra ، کار فیسٹیول کے موقع پر موجود رہیں گی۔

اپنے دورے کے دوران صدرِ جمہوریہ Udayagiri کی گپھاؤں کا دورہ کریں گی اور Bibhuti Kanungoکالج آف آرٹس اینڈ کلچر اور Utkal یونیورسٹی آف کلچر کے طلبہ کے ساتھ بات چیت کریں گی۔x

## VP-KERALA

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج سے کیرالہ کا دو روزہ دورہ کر رہے ہیں۔ جناب دھنکھڑ آج صبح انڈین انسٹی ٹیوٹ آف اسپیس، سائنس و ٹکنالوجی کی تقسیم اسناد تقریب میں مہمانِ خصوصی کے طورپر خطاب کریں گے۔ وہ امتیازی نمبرات حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کو انسٹی ٹیوٹ کی طرف سے میڈل آف Excellence بھی پیش کریں گے۔ نائب صدر کَل سیاحتی مقام Kollamاور Ashtamudi کا دورہ کریں گے۔x

## NBEMS-FMGE

میڈیکل سائنس امتحانات کا قومی بورڈ NBEMS فورین میڈیکل گریجویٹ امتحان برائے جون 2024 کا آج انعقاد کرے گا۔ یہ امتحان ملک کے 50 شہروں کے 71 مراکز میں منعقد کیا جارہا ہے۔ مرکزی صحت سکریٹری اپوروا چندر نے آکاشوانی نیوز سے ایک بات چیت میں FMGE امتحان میں شریک ہونے والوں سے گزارش کی کہ وہ امتحان کا سوالنامہ لیک ہونے کی افواہوں پر دھیان نہ دیں۔

اس سے پہلے قومی بورڈ NBEMS نے ایک بیان میں FMGE کے خواہشمند امیدواروں کو امتحان کے بارے میں سوشل میڈیا گروپس کے ذریعہ گمراہ کن خبریں پھیلانے کے خلاف خبردار کیا۔ بورڈ نے کہا کہ FMGE امیدواروں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ ایسے عناصر کے بہکاوے میں نہ آئیں، جو اس بات کا دعویٰ کررہے ہیں کہ اس امتحان کے سوالات اُن کے پاس موجود ہیں۔ بورڈ نے کہا کہ آج ہونے والے امتحان کا سوالنامہ ابھی تیاری کے مرحلے میں ہے۔×

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## HATHRAS STAMPEDE ARRESTED

اترپردیش پولیس نے ہاتھرس کے بھگدڑ المیے کے سلسلے میں دیو پرکاش مدھوکر کو گرفتار کیا ہے، جس میں 121 افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ پولیس نے FIR میں دیوپرکاش مدھوکر کا نام اصل ملزم کے طور پر شامل کیا ہے۔ اس سے پہلے اُس کے بارے میں جانکاری دینے کیلئے ایک لاکھ روپے کا انعام رکھا گیا تھا۔ یہ گرفتاری پولیس کے ہاتھوں، بھگدڑ کے سلسلے میں گرفتار کئے گئے 6 افراد کو گرفتار کرنے کے ایک دن بعد کی گئی ہے۔ یہ سبھی لوگ ستسنگ منعقد کرانے والی کمیٹی کے ارکان ہیں۔

بھگدڑ کا یہ حادثہ ستسنگ کے دوران منگل کو پیش آیا تھا۔ ستسنگ کا انعقاد خود ساختہ روحانی پیشوا اور کتھا واچک نارائن ساکار ہری عرف بھولے بابا نے کیا تھا۔×

## CEREAL PRODUCTION

اقوام متحدہ کی خوراک اور زراعت سے متعلق تنظیم FAO نے 2024 میں اناج کی عالمی پیداوار کے بارے میں، اسے اور بہتر بتاتے ہوئے اپنی پہلے کی پیشگوئی کو تازہ شکل دی ہے۔ FAO کی طرف سے سپلائی اور مانگ کے بارے میں جاری کئے گئے ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ عالمی سطح پر اناج کی پیدوار دو اَرب 85کروڑ 40 لاکھ ٹن رہی، جو ابھی تک کی سب سے زیادہ مقدار ہے۔ FAO نے مکّہ کی فصل سے متعلق اپنی پہلے کی پیشگوئی میں بھی تبدیلی کرتے ہوئے، ارجنٹینا اور برازیل میں اس کی بہتر فصل کے بارے میں بتایا ہے۔

گیہوں کی پیداوار کے بارے میں بھی، اِس کے اور زیادہ بہتر ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے، جو ایشیاء میں بہتر امکانات پر مبنی ہے۔عالمی سطح پر چاول کی پیداوار کے بارے میں بھی یہ پیشگوئی کی گئی ہے کہ یہ 53کروڑ 51 لاکھ ٹن کی اب تک کی ریکارڈ مقدار تک پہنچ گیا ہے۔×

## GOVT ONION

حکومت نے کہا ہے کہ پیاز کی قیمتوں میں استحکام آرہا ہے، کیونکہ کسانوں نے مارکیٹ میں ربیع کی فصل والی جو پیاز بھیجی ہے، اس کی مقدار میں اضافہ ہوا ہے۔

صارفین کے امور، خوراک اور تقسیمِ عامہ کی وزارت نے کہا کہ گھریلو مارکیٹ میں پیاز کی دستیابی بھرپور ہے، اگرچہ پچھلے سال کے مقابلے اس موسم میں پیاز کی پیداوار کچھ کم ہوئی ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ 2024 کی ربیع کی فصل میں پیاز کی 191 لاکھ ٹن تخمینہ پیداوار، گھریلو کھپت کیلئے کافی ہے۔×

## TN BSP CHIEF

ایک بہیمانہ حملے میں، تمل ناڈو میں بہوجن سماج پارٹی کے سربراہ K.Armstrong کو چھ موٹر سائیکل سوار لوگوں نے ہلاک کردیا۔ یہ واقعہ کَل چنئی میں ایک مکان کے قریب پیش آیا۔ ان لوگوں نے Armstrong پر حملہ اُس وقت کیا جب وہ اپنے گھر کے قریب کچھ پارٹی کارکنوں سے بات چیت کررہے تھے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں BSP رہنما مایاوتی نے Armstrong کو دلتوں کی ایک مضبوط آواز قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ قصورواروں کو سزا ملنی چاہئے۔ مرکزی وزیر ڈاکٹر ایل مروگن نے اس واقعہ کی مذمت کی ہے۔ ×

## TREE CAMPAIGN

وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعے شروع کی گئی شجرکاری کی مہم ایک پیڑ ماں کے نام کے تحت مدھیہ پردیش میں ساڑھے پانچ کروڑ درخت لگائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو مہم کا افتتاح کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔

V/C Sanjeev Sharma

مدھیہ پردیش میں آج ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کے یوم پیدائش کے موقع پر ایک پیڑ ماں کے نام مہم میں کا آغاز  کیا جا رہا ہے۔ صرف بھوپال ضلع میں اس 15 دن کے وقفے میں 480ہیکٹر اراضی پر 20 لاکھ پودے لگانے کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔ بھوپال ضلع میں آج مختلف جگہوں پر 12 لاکھ پودے لگائے جا رہے ہیں۔ بھوپال میونسپل کارپوریشن نے 300 مقامات پر پودے لگائے جانے کی تقریب کے لیے پارلیمانی و اسمبلی ارکان سمیت عوامی نمائندوں کو مدعو کیا ہے۔ریاست کی صنعتی راجدھانی اور ملک کے سب سے زیادہ صاف ستھرے شہر اندور میں 51 لاکھ پودے لگائے جانے کا پروگرام ہے۔ یہ مہم جنگی پیمانے پر 15 جولائی تک جاری رہے گی۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..............

## J&K LG CZECH

جموں و کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کل سری نگر کے راج بھون میں بھارت میں چیک جمہوریہ کی سفیر ڈاکٹر  Eliska Zigovaسے ملاقات کی۔ جناب منوج سنہا نے چیک سفیر جناب Eliska Zigova سے جموں و کشمیر کے متنوع شعبوں جیسے صنعت، سیاحت اسٹارٹ اپس، ہتھ کرگھا، دستکاری، خوراک کو ڈبہ بند کرنے کی صنعت، زراعت اور اس سے منسلک شعبوں میں سرمایہ کاری کی صلاحیت کے بارے میں تبادلہئ خیال کیا۔ انھوں نے چیک جمہوریہ کے تجارت اور کاروباریوں کو جموں و کشمیر میں موجود لامحدود مواقعوں کی نشاندہی کے لیے دعوت دی۔ ڈاکٹر Eliska نے بھارت کے ساتھ شراکت داری میں مزید گہرائی پیدا کرنے کے چیک جمہوریہ کے عزم کو دوہرایا۔x

## AMARNATH YATRA-SRINAGAR

جموں وکشمیر میں سالانہ امرناتھ یاترا خوش اسلوبی سے  جاری ہے۔  کَل درشن کے ساتویں دن یاترا کے پورے علاقے میں آسمان اَبر آلود رہا اور شام کے وقت مقدس گپھا پر بارش بھی ہوئی۔ البتہ یاتری سارے ہی دن خوش اسلوبی سے اپنی مذہبی سرگرمیاں انجام دیتے رہے۔ اسی دوران شری امرناتھ جی یاترا کے پانچ ہزار 876 افراد، جموں میں بھگوتی نگر بنیادی کیمپ سے روانہ ہوئے۔x

## IMD WEATHER

بھارتیہ محکمہئ موسمیات نے پنجاب، ہماچل پردیش، ہریانہ، چنڈی گڑھ، مغربی اترپردیش، مدھیہ پردیش میں اکا دکا مقامات پر آج شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اس کے ساتھ ہی محکمہ نے اتراکھنڈ، چھتیس گڑھ اور مشرقی اترپردیش میں کل تک شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C Rahisuddin**

محکمہ موسمیات نے اوڈیشہ، مدھیہ پردیش اور مہاراشٹر میں آج سے پیر کے روز تک شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ جبکہ مغربی بنگال، سکم، بہار، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تری پورہ میں 9 جولائی تک بارش جاری رہنے کا امکان ظاہر کیا گیاہے۔ محکمہ کے مطابق اگلے

پانچ دن میں مشرقی اور شمال مشرق بھارت میں گرج چمک کے ساتھ اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ اس دوران قومی راجدھانی خطے کے کئی حصوں میں رات کے وقت ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہوئی اور درجہ حرارت میں کمی واقع ہوئی۔

آکاشوانی نیوز سے خبرنامے کے لیے لیے رہیس الدین کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں

## WOMENS CRICKET

خواتین کرکٹ میں، کل رات چنئی کے ایم۔اے۔چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ٹی۔ٹوئینٹی بین الاقوامی میچ میں جنوبی افریقہ نے بھارت کو 12 رن سے ہرایا۔ بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان تین ٹی۔ٹوئینٹی بین الاقوامی میچوں کی سریز کا یہ پہلا مقابلہ تھا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے جنوبی افریقہ نے مقررہ 20 اوورس میں 4 وکٹ پر 189 رن بنائے۔

بھارتی ٹیم جیت کے لیے مقررہ190 رن کے نشانے کو حاصل نہیں کر سکی اور اس نے مقررہ 20 اوورس میں 4 وکٹ پر 177 رن بنائے۔ جنوبی افریقہ کے Tazmin Brits کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... مجیب اختر

شکریہ - شبانہ بیگم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے برطانیہ کے عام انتخابات میں لیبر پارٹی کی شاندار جیت کی خبر کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لیبر پارٹی کو 412 نشستیں ملی ہیں۔ رشی سونک مستعفیٰ ہوگئے ہیں۔ کیئر اسٹارمر کو نیا وزیراعظم منتخب کیا گیا ہے۔ وزیراعظم پیر کے روز روس اور آسٹریا کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ پوتن کے ساتھ ملاقات میں جناب مودی بھارتی نوجوانوں کی روسی فوج میں بھرتی کا معاملہ اٹھا سکتے ہیں۔

روزنامہ ملاپ سمیت کچھ دیگر اخباروں نے بھارت کی دفاعی مینوفیکچرنگ میں اضافے کی خبر کو اولیت دی ہے، اخبارات کے مطابق سال 2023-24 میں بھارت کا دفاعی پروڈکشن ایک اعشاریہ دو سات لاکھ کروڑ روپے کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گیا ہے۔ جس میں پچھلے سال کے مقابلے 16 اعشاریہ سات فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

پی جی نیٹ NEET امتحان گیارہ اگست کو منعقد ہوگا۔ اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا، پرتاپ اور ملاپ نے پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔ میڈیکل سائنسز سے متعلق قومی امتحان

بورڈ NBEMSنے اس کی نئی تاریخ کا کَل اعلان کیا۔ جبکہ روزنامہ انقلاب نے ہاتھرس معاملے میں ایس آئی کی طرف سے ریپورٹ سونپے جانے کی خبر کو اہمیت دی ہے۔ جس میں لاپروائی برتنے والوں کے خلاف کارروائی کی سفارش کی گئی ہے۔

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1 وزیراعظم نریندر مودی نے، جناب Keir Starmer کو برطانیہ کے عام انتخابات میں، اُن کی پارٹی کی زبردست کامیابی پر مبارک باد دی ہے۔

2. صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے اڈیشہ کا چار دن کا دورہ کریں گی۔

3. فورین میڈیکل گریجویٹ امتحان جون 2024، آج پورے ملک میں، 50 شہروں میں منعقد کیا جارہا ہے۔

4. اترپردیش پولیس نے، ہاتھرس بھگدڑ کیس میں اصل ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔

5. آناج کی عالمی پیداوار میں اِس سال سب سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ یہ پیداوار دو اَرب 85کروڑ 40 لاکھ ٹن ہوگئی۔

6. اور کرکٹ میں: چنئی میں خواتین کے پہلے ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں جنوبی افریقہ نے بھارت کو 12 رن سے شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------